## سوال

(537) شادی کے موقعہ پر لڑکیوں کو جو جہیز دیا جاتا ہے

## جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

بارات یعنی دولہا کے ساتھ پچاس، سو یا دو سو آدمی دلہن والوں کے گھر جاتے ہیں۔ قرآن وحدیث کی رو سے اس کی وضاحت کیجیے؟

شادی کے موقعہ پر لڑکیوں کو جو جہیز دیا جاتا ہے اس کی بھی وضاحت فرمائیے؟ (محمد یونس شاکر، نوشہرہ ورکاں)

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ
الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

بارات کا ثبوت کتاب وسنت میں کہیں نہیں ملتا، بلکہ بارات کے لیے عربی لغت میں کوئی لفظ موضوع نظر سے نہیں گزرا۔

مروجہ جہیز کا بھی کتاب وسنت میں کوئی ثبوت نہیں ملتا۔ ۲۴ ۱۲ ۱۴۲۱ھ

[قرآن وحدیث کی روشنی میں احکام ومسائل]

**جلد 02 ص 464**

محدث فتویٰ